روزنامہ جہان پاکستان


28 OCT 2019




شیخوپورہ: مرکزی انجمن تاجران کے زیراہتمام یوم سیاہ ریلی کی قیادت الحاج ملک اسلم بلوچ اور صوبائی وزیر میاں خالد محمود کررہے ہیں، دوسری طرف صوبائی وزیر میاں خالد محمود بھارتی وزیراعظم کے پتلے کو نذر آتش کررہے ہیں

روزنامہ فرنٹ لائن

28 OCT 2019



...ان خالد محمود، ڈپٹی کمشنر سید طارق محمود بخاری، ڈی پی او غازی محمد صلاح الدین، اسسٹنٹ کمشنر شبیر حسین بٹ کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی یوم سیاہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ فرنٹ لائن

28 OCT 2019

# شیخوپورہ یوم سیاہ بھرپور انداز میں منایا گیا فضاء کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے گونج اٹھی

**یوم سیاہ منانے کا مقصد عالمی سطح پر بھارتی مظالم اور ناانصافی کو پوری دنیا کے سامنے لانا ہے مودی سرکار کشمیری بھائیوں پر ہونے والا زیادتیوں کا سلسلہ فوری بند کرے، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ طارق محمود**

**کشمیر کا مقدمہ عالمی سطح پر اٹھانے کا کریڈٹ عمران خان کو جاتا ہے انشاءاللہ عمران خان کو کشمیری بھائیوں کے حق میں کامیابی دے گا اور وہ دن دور نہیں کہ کشمیر آزاد ہو کر رہے گا، صوبائی وزیر خالد محمود**

**کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کیمطابق آزاد کیا جائے وہاں پر تین ماہ سے جاری کرفیو کو فوری طور پر ختم کیا جائے، وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتے ہوئے دیکھیں گے**

**سیمینار اور ریلی میں شہریوں کی بھرپور شرکت، مقررین کا حکومت اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا عزم، بھارت مخالف نعرے، یکجہتی کشمیر ریلی ضلع کونسل سے چھتری چوک پر اختتام پذیر ہوئی**

شیخوپورہ (احمد عبداللہ گجر سے) ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی کشمیر کے مسلمانوں پر بھارتی مظالم، بربریت اور غاصبانہ قبضہ کے خلاف یوم سیاہ کے سلسلہ میں ضلع کونسل ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر ڈیزاسٹر منیجمنٹ میاں خالد محمود، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سید طارق محمود اور ڈی پی او شیخوپورہ غازی صلاح الدین تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ مقررین نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کشمیر کے تاریخی پس منظر پر روشنی ڈالی اور کہا کہ متنازعہ کشمیر جغرافیائی، ثقافتی اور مذہبی لحاظ مسلمان ریاست ہے اور اس کا الحاق پاکستان کے ساتھ ہونا چاہیے تھا مگر بدقسمتی سے 1947 میں انڈیا نے ایک سازش کے تحت اس پر قبضہ کر لیا۔ صوبائی وزیر ڈیزاسٹر منیجمنٹ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ خطہ لاالہ الااللہ کے نام پر معرض وجود میں آیا اور ایک صدی کی جدوجہد کے بعد ہمارے بزرگوں نے پاکستان حاصل کیا۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہم اقوام عالم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزاد کیا جائے وہاں پر تین ماہ سے جاری کرفیو کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے جس طرح سلامتی کونسل میں کشمیر کا مقدمہ پیش کیا وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سید طارق محمود بخاری نے کہا کہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے آج ہم یوم سیاہ منا رہے ہیں سرکاری عمارتوں پر پرچم سرنگوں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح مقبوضہ کشمیر میں بچوں اور نوجوانوں کی پیلٹ گنوں کیساتھ بینائی چھینی جا رہی ہے، جوانوں کے سینے گولیوں سے چھلنی کیے جا رہے ہیں، عورتوں کی عصمت دری کی جا رہی ہے وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتے ہوئے دیکھیں گے اور اسوقت تک ہمارے لبوں پر بھی پکار ہے رہے گی کشمیر بنے گا پاکستان۔ ڈی پی او شیخوپورہ غازی صلاح الدین اور صدر شیخوپورہ بار کونسل رانا زاہد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے بھی تاریخی اوراق پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کشمیر ایشو پر ایک پالیسی بنا کر بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع پر طلبا اور طالبات نے کشمیر کے حوالے سے ملی ترانے بھی پیش کیے۔ آخر میں اظہار یکجہتی کشمیر ریلی بھی نکالی گئی جو کہ ضلع کونسل سے شروع ہو کر چھتری چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر نوجوان رہنما تحریک انصاف میاں تیمور خالد، چیف وارڈن سول ڈیفنس شیخوپورہ چوہدری محمد الیاس گجر، سی او بلدیہ احسن عنایت سندھو، سی او ایجوکیشن، حبیب تج، طارق ملک، بلال شیخ، محمد اعجاز ریسکیو 1122، صحافی برادری، وکلاء برادری اور عام عوام نے بھرپور شرکت کی جس میں مودی کے خلاف اور کشمیری بھائیوں کے حق میں نعرے بازی کی گئی

Daily
FINAL ROUND
SHEIKHUPURA

28 OCT 2019

# شیخوپورہ میں بھی کشمیر کے مسلمانوں پر بھارتی مظالم کیخلاف ضلع کونسل ہال میں سیمینار کا انعقاد

## صوبائی وزیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ میاں خالد محمود، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سید طارق محمود اور ڈی پی او شیخوپورہ غازی صلاح الدین تقریب کے مہمان خصوصی تھے

"شیخوپورہ (روزنامہ فائنل راؤنڈ قلب سلیم سے) ملک بھر کی طرح شیخوپورہ میں بھی کشمیر کے مسلمانوں پر بھارتی مظالم، بربریت اور غاصبانہ قبضہ کے خلاف یوم سیاہ کے سلسلہ میں ضلع کونسل ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ میاں خالد محمود، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سید طارق محمود اور ڈی پی او شیخوپورہ غازی صلاح الدین تقریب کے مہمان خصوصی تھے. مقررین نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کشمیر کے تاریخی پس منظر پر روشنی ڈالی اور کہا کہ مقبوضہ کشمیر جغرافیا?ی، ثقافتی اور مذہبی لحاظ مسلمان ریاست ہے اور اس کا الحاق پاکستان کے ساتھ ہونا چاہیے تھا جو کہ بدقسمتی سے 1947 میں انڈیا نے ایک سازش کے تحت اس پر قبضہ کرلیا صوبا?ی وزیر ڈیزاسٹر مینجمنٹ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہو?ے کہا کہ یہ خطہ لا الہ الا اللہ کے نام پر معرض وجود میں آیا اور ایک صدی کی جدوجہد کے بعد ہمارے بزرگوں نے پاکستان حاصل کیا کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہم اقوام عالم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزاد کیا جا?ے وہاں پر تین ماہ سے جاری کرفیو کو فوری طور پر ختم کیا جا?ے انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے جس طرح سلامتی کونسل میں کشمیر کا مقدمہ پیش کیا وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ ہوگا ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سید طارق محمود بخاری نےکہا کہ کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے آج ہم یوم سیاہ منا رہے ہیں سرکاری عمارتوں پر پرچم سرنگوں رہے گا انہوں نے کہا کہ جسطرح مقبوضہ کشمیر میں بچوں اور نوجوانوں کی پیلٹ گنوں کیساتھ بینائی چھینی جا رہی ہے، جوانوں کے سینے گولیوں سے چھلنی کیے جا رہے ہیں، عورتوں کی عصمت دری کی جا رہی ہے وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتے ہوئے دیکھیں گیا ور اسوقت تک ہمارے لہو کی بھی پکار ہے رہے گی کشمیر بنے گا پاکستان۔ ڈی پی او شیخوپورہ غازی صلاح الدین اور صدر شیخوپورہ بار [illegible] اعجاز احمد اور سید قمر الحسن نقوی ایڈووکیٹ چیئرمین رائیٹ لیڈنگ لائرز نے بھی تاریخی اوراق پر روشنی ڈالی

روزنامہ نوائے وقت لاہور

28 OCT 2019



شیخوپورہ: مرکزی انجمن تاجران کی یوم سیاہ کی ریلی کی قیادت الحاج ملک اسلم بلوچ اور صوبائی وزیر میاں خالد محمود کررہے ہیں، دوسری جانب بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے پتلے نذر آتش اور تصویر کو جوتے مار رہے ہیں

## فاروق آباد: میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار پر تقریب

فاروق آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے زیراہتمام میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جسکے مہمان خصوصی چیئرمین ٹیوٹا پنجاب رانا علی سلمان اور رہنما پاکستان تحریک انصاف رانا وحید احمد خاں تھے جبکہ سابقہ ضلعی صدر کنور عمران سعید، رانا مظہر، چیئرمین اوورسیز رانا ولید مجاھد اور چیف آفیسر بلدیہ نے خصوصی شرکت کی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ٹیوٹا رانا علی سلمان اور رانا وحید احمد خان نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے حلقہ 122 اور حلقہ 143 کے ترقیاتی کاموں کے لئے کروڑوں روپے کے فنڈ جاری کردیئے ہیں۔

روزنامہ جنگ لاہور

28 OCT 2019

## شیخوپورہ : مقبوضہ کشمیر میں بھارتی

## مظالم کے خلاف یوم سیاہ منایا گیا

شیخوپورہ (نمائندہ جنگ سے) ضلع شیخوپورہ میں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف یوم سیاہ جوش وخروش اوراس عزم کی تجدید کے ساتھ منایا گیا کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے کشمیری بھائیوں کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ ضلع بھر میں 18 مقامات پر کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلیاں اور جلوس نکالے گئے اور جلسوں اور سیمینارز کا اہتمام کیا گیا یہ جلسے ضلع انتظامیہ، متحدہ اپوزیشن، نواز لیگ، تحریک انصاف، مرکزی انجمن تاجران اور بلدیاتی اداروں کے زیر اہتمام نکالے گئے جبکہ محکمہ تعلیم

Daily
FINAL ROUND
SHEIKHUPURA

28 OCT 2019













شیخوپورہ: کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ سیمینار سے مقررین خطاب کر رہے ہیں جبکہ مظاہرہ بھی دکھائی دے رہا ہے